سوال

باتھ روم میں وضواور غسل السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ جہاں غسل خانہ اور باتھ روم اکھٹے ہوتے ہیں کیا وہاں وضواور غسل کیا جا سکتا ہے۔ ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر جگہ صاف ہو تو بہتر ہے ورنہ پانی بہا کر اسے صاف کر لیا جائے۔ جگہ صاف ہو جانے کے بعد وہاں وضواور غسل دونوں ہی کئے جا سکتے ہیں۔ ویسے بھی آج کل جو فلش استعمال ہوتے ہیں، ان میں پانی بہادینے سے گندگی ختم ہو جاتی ہے، اور گندگی ختم ہو جانے بعد وہ جگہ صاف ہے، آپ وہاں اطمینان سے وضو اور غسل کر سکتے ہیں، ہاں البتہ وضو کرتے وقت احتیاطاً وضو کی دعائیں باہر آ کر پڑھی جائیں تو بہتر ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ